جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام

مورخہ 5 مئی بروز منگل بعد نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا، جس میں مولانا محمد اسماعیل ساجد جام پور نے خطاب کیا۔اسی طرح مورخہ 8 جون بروز سوموار بعد نماز مغرب تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا۔جس میں حافظ محمد شفیق آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

موضع رسیلہ خورد (ڈومیلی) تحصیل سوہاوہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 30 مئی بروز ہفتہ موضع رسیلہ خورد میں عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا، پروگرام کا آغاز حافظ ذیشان جہلمی کی تلاوت سے ہوا۔حمد ونعت سلیمان شاہ متعلم جامعہ نے پیش کی۔جلسہ سے حافظ ذیشان جہلمی متعلم جامعہ، مولانا قطب شاہ اور قاری محمد یوسف راشد آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

وفیات

چوہدری عبدالکلام (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 8 مئی بروز جمعہ چوہدری عبدالکلام کی ہمشیرہ محترمہ ٹاہلیانوالہ میں وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور انتہائی نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

قاری ممتاز احمد امام وخطیب جامع مسجد العزیز اہل حدیث (شمالی محلہ) کو صدمہ

مورخہ 16 مئی بروز ہفتہ قاری ممتاز احمد امام وخطیب جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شمالی محلہ کے والد محترم مظفر گڑھ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔

محمد الطاف مدینہ ٹاؤن کو صدمہ

مورخہ 15 مئی بروز جمعہ محمد الطاف مدینہ ٹاؤن کا چھوٹا بیٹا وفات پا گیا۔انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

احسان الٰہی پراچہ ومحمد ریحان خالد پراچہ (دھریالہ جالپ) کو صدمہ

مورخہ 22 مئی بروز جمعرات احسان الٰہی پراچہ ومحمد ریحان خالد پراچہ کے والد خالد منظور پراچہ مختصر